# ہفتہ عدلیہ کی مناسبت سے رہبر انقلاب اسلامی نے عدلیہ کے سربراہ اور اعلی عہدے داروں سے ملاقات کی - 6 /Jul/ 2017

پیر کی صبح اسلامی جمہوریہ ایران کی عدلیہ کے سربراہ اور حکام نے رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای سے ملاقات کیـ

اس موقع پر رہبر انقلاب اسلامی نے اپنے خطاب میں بین الاقوامی مسائل میں قانونی طریقے سے مداخلت اور پیروی کئے جانے کی ضرورت پر تاکید فرمائی ہےـ

آپ نے تاکید کے ساتھ فرمایا کہ عدلیہ کو چاہئے کہ ایران کے خلاف پابندیوں، امریکہ کی جانب سے ایران کے اثاثے ضبط کئے جانے، دہشت گردی، اور اسی طرح نائیجیریا کی اسلامی تحریک کے سربراہ شیخ ابراہیم زکزاکی جیسی دنیا کی مظلوم شخصیات کی حمایت، نیز میانمار اور کشمیر کے مسلمانوں کی حمایت کے مسئلے میں قانونی نقطہ نظر سے داخل ہو اور اپنی حمایت و مخالفت کا ٹھوس طریقے سے اعلان کرے تاکہ دنیا میں اس کا انعکاس ہو سکےـ

رہبر انقلاب اسلامی نے اسی طرح عدلیہ کے تمام شعبوں میں تبدیلیوں کو ضروری قرار دیا اور فرمایا کہ عدلیہ کو چاہئے کہ سماج میں عمومی حقوق کی علمبردار بنے اور جہاں ضروری ہو عوام کے حقوق کا بھرپور دفاع اور خلاف ورزی اور قانوں توڑنے والوں کا پوری توانائی سے مقابلہ کرےـ

آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے فرمایا کہ عام حقوق کا احیا و بحالی اور عوام کی برحق آزادی کی حمایت، عدلیہ کے اہم فرائض میں سے ہے اور عدلیہ کو چاہئے کہ ان مسائل کا بیڑا اٹھائے اور ہر جگہ مخالفوں اور عام حقوق کی خلاف ورزی کرنے والوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرےـ

رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے اپنے خطاب میں الہی نعمتوں کی حفاظت کئے جانے کو ضروری قرار دیا اور فرمایا کہ جوانوں کی نعمت، اسلامی جمہوریہ کی نعمتعدلیہ اور اس کی توانائی کی نعمت، ہمراہی و محبت اور انقلاب اسلامی اور نظام سے وفاداری کی نعمت، پروردگار عالم کی عظیم نعمات ہیں اور سب کو چاہئے کہ یہ نعمتیں ضائع نہ ہوں اور ان سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جائےـ